اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

7ذوالحجہ 1447ھ	فیضان مدینہ کراچی	23مئی 2026ء

سوال: قربانی کی کھالیں جمع کرنے اور کروانے کے بارے میں امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا مدنی پھول عطا فرمائے۔

جواب: تمام عاشقانَ رسول ثواب کی نیت سے اپنے ہاں ہونے والی قربانی کی کھالیں دعوتِ اسلامی کو دیں، دعوتِ اسلامی بہت سے دینی کام کرتی ہے، اس میں آپ کا بھی حصہ شامل ہو جائے گا۔ اللہ پاک کی رضا کے لیے کھالیں جمع بھی کرنی ہیں۔ عموماً لوگ آکر کھالیں جمع نہیں کرواتے، جاجاکر جمع کرنی ہوں گی، آپ عاشقانِ رسول سے ملاقات کریں اوران کی قربانی کی کھالیں بک کریں۔ خود بھی نیت کریں کہ جب تک زندگی ہے، دعوت اسلامی کے لیے کھالیں جمع کروں گا اور دینے والے بھی نیت کرلیں کہ زندگی بھر اپنے قربانی کے جانور کی کھال دعوتِ اسلامی کو دُوں گا، اس نیت کا بھی ثواب ملے گا۔ ان شاءاللہ الکریم

عام طور پر کھالیں جمع کرنے والوں کے کپڑے بھی ناپاک ہو جاتے ہیں، پاک کپڑوں کا جوڑا شاپر میں ساتھ رکھیں، کھالیں جمع کرنے کے دوران بھی پاک کپڑے پہن کر باجماعت نماز ادا کریں، کوئی بھی نماز قضا نہیں ہونی چاہیے، چاہے کیسی ہی مصروفیت ہو۔

سوال: قربانی کی کھالیں اور قربانی کا گوشت ضائع نہ ہو، اس کے لیے کیا احتیاط کریں؟

جواب: آج کل گرمی ہے، اس لیے قربانی کی کھالوں کو پھیلا کر الگ الگ رکھیں، کھال کو فوراً نمک لگادیں۔ قربانی کا گوشت برف میں رکھیں، اس کے لیے بڑے برتن کا استعمال

کریں، گوشت کے چاروں طرف برف رکھ دیں اور گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں ۔چھوٹے پیکٹ بنا کر فریزر میں رکھیں۔ گوشت کو ہمیشہ کے لیے محفوظ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ پاک کی رِضا کے لیے عاشقانِ رسول میں تقسیم کر دیں، یہ نیکی ہے اور نیکی ہمیشہ کے لیے باقی رہتی ہے۔ جو بَٹ گیا (یعنی غریبوں میں تقسیم ہو گیا) وہ بچ گیا جو کھا لیا وہ فنا ہو گیا۔

سوال: بچے بکرے کو گُھماتے ہوئے کیا احتیاط کریں؟

جواب: اس کی دُم اور کان نہ کھینچیں، رسی بھی زور سے نہ کھینچیں کہ جس سے تکلیف ہو اور یہ آپ کو بھی تکلیف نہ دے۔

سوال: بڑی عمر والوں کو کون سے شوز (Shoes) پہننے چاہئیں؟

جواب: میڈیکیٹڈ شوز (Medicated Shoes) استعمال کریں، ان میں پھسلنے کے چانس کم ہوتے ہیں اور چلنے میں بھی آسانی ہوتی ہے۔

سوال: سودا خریدتے ہوئے بھاؤ کم کروانا کیسا؟

جواب: یہ سنت ہے، کم کروانے والا بہت کم قیمت بتائے تو دوکاندار کو ناراض نہیں ہونا چاہیے۔ کم زیادہ کروانے میں دوکاندار اور خریدار کو **جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔**

سوال: قربانی کے جانور کے **گوشت کے کتنے حصے** کرنے چاہئیں؟

جواب: قربانی کرنے والا تمام گوشت کا مالک ہے، اس کے لیے اس کے 3 حصے کرنا مستحب ہے، ایک اپنے لیے، ایک فقراء (غریبوں) کے لیے اور ایک رشتے داروں کے لیے۔ اگر کوئی سارا گوشت اپنے پاس ہی رکھ لے تو بھی جائز ہے، اُسے بُرا نہیں کہہ سکتے بلکہ اسے بُرا کہنا بُرا ہے۔

سوال: جانور سرکشی نہ کرے، اس کے لیے کوئی وظیفہ بتا دیں؟

جواب: نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ و سلم نے ارشاد فرمایا: جب تمہارے غلاموں، جانوروں اور بچوں میں سے کسی کا اخلاق بِگڑ جائے (یعنی وہ سرکش ونافرمان ہو جائے)، تو اس کے **کان میں** (اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَ لَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ) **پڑھو**۔(المعجم الاوسط، جلد1، صفحہ27، رقم الحدیث:64، الدعوات الکبیر للبیھقی، جلد2، صفحہ264، رقم الحدیث:615)۔

سوال: جانور کو ذَبح کرتے وقت کیا پڑھنا ہوتا ہے؟

جواب: اللہ پاک کا نام لیا جائے، بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَر پڑھنا **مُستحب** ہے۔

سوال: اِس ہفتے کا رِسالہ "**فضول باتوں سے بچنے کی فضیلت**" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دُعا دی؟

جواب: یا ربَّ المصطفٰے! جو کوئی 18 صفحات کا رسالہ "**فضول باتوں سے بچنے کی فضیلت**" پڑھ یا سُن لے، اُسے فضولیات سے بچا، نیک بنا اور بار بار حج و دیدارِ مدینہ کا شرف عطا فرما۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خاتم النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم